کہا کہ مواصلات کسی بھی ملک کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ جدید اور موثر مواصلاتی نظام نہ صرف ملکی معیشت کو فروغ دیتا ہے بلکہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کا ذریعہ بھی بنتا ہے۔ حکومت اس ضمن میں خصوصی توجہ دے رہی ہے کہ بلوچستان سمیت دور دراز علاقوں میں انفراسٹرکچر اور ٹرانسپورٹ نیٹ ورک کو بہتر بنایا جائے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو وزارت کے جاری منصوبوں، ان کی رفتار، اہداف اور درپیش چیلنجز سے تفصیل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ مواصلاتی شعبے میں کئی اہم منصوبہ جات تکمیل کے مراحل میں ہیں جن کے مثبت اثرات جلد عوام تک پہنچیں گے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تمام ادارے اور سیاسی قیادت ملک کی ترقی و خوشحالی کے لیے یکجا ہیں۔ پارلیمان، خاص طور پر ایوان بالا، وفاق کی مضبوطی، جمہوریت کے استحکام اور عوامی فلاح کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم ہے، جہاں تمام اکائیوں کی نمائندگی موجود ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم سب مل کر باہمی مشاورت، دانشمندی اور قومی یکجہتی کے ساتھ پاکستان کو ایک خوشحال اور ترقی یافتہ ملک بنانے کے سفر کو جاری رکھیں گے۔

# بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی وزیر اعظم خود کر رہے ہیں

**اعظم تارڑ**

بجٹ میں بلوچستان کو درپیش مشکلات کے خاتمے کیلئے کسی قسم کی توجہ نہیں دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ آغاز حقوق بلوچستان کی سفارشات پر آج تک عمل درآمد نہیں ہوا ہے، جان بلیدی

**بلوچستان کے مسائل بہت زیادہ ہیں علاقہ بہت بڑا ہے وہاں پر تعلیم اور روزگار کے مسائل ہیں جن پر وفاقی حکومت بھرپور توجہ دے رہی ہے**

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا میں وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے بتایا ہے کہ حکومت بلوچستان کی ترقی کو اولین ترجیح دے رہی ہے اور بلوچستان میں تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کے منصوبوں کی نگرانی وزیر اعظم خود کر رہے ہیں۔ جمعہ کو ایوان بالا میں بجٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے بلوچستان کے سینیٹر جان محمد بلیدی نے کہا کہ بجٹ میں بھی مسائل کو توجہ نہیں دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ اس بجٹ میں بلوچستان کو درپیش بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر

مشکلات کے خاتمے کیلئے کسی قسم کی توجہ نہیں دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ آغاز حقوق بلوچستان کی سفارشات پر آج تک عمل درآمد نہیں ہوا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں عوام کے بنیادی مسائل حل کرنے کی ضرورت ہے اسی طرح بلوچستان میں سیاسی اصلاحات کی بھی ضرورت ہے کیونکہ اس وقت بلوچستان سب سے مشکل صورتحال سے دوچار ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں تعلیم صحت، مواصلات اور انفراسٹرکچر پر توجہ دینے کی ضرورت ہے اس موقع پر وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ بلوچستان کے حوالے سے جو سوالات اٹھائے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی اولین ترجیح بلوچستان ہے اور ابھی بلوچستان میں [illegible] سکول تعمیر کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی قومی شاہراہوں کی تعمیر کے حوالے سے بھی وزیر اعظم کے احکامات جاری ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل بہت زیادہ ہیں علاقہ بہت بڑا ہے وہاں پر تعلیم اور روزگار کے مسائل ہیں جن پر وفاقی حکومت بھرپور توجہ دے رہی ہے۔

**ملازمین کے ساتھ وعدہ خلافی کی گئی**

# بجٹ میں موجود خامیوں کو دور کیا جائے، ارکان صوبائی اسمبلی

**وفاقی حکومت بلوچستان کے فنڈز میں اضافہ کرے، صوبے میں 30 لاکھ نوجوان بے روزگار ہیں، آمدن کے ذرائع ناکافی ہیں**

**ناک صاف کرنے کی ویڈیو وائرل کی گئی، پورے ایوان کی بے عزتی ہے، ذمہ داروں کو سخت سزا دی جائے، ارکان کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن ارکان نے کہا ہے کہ غیر ترقیاتی بجٹ کو کم کرکے ترقیاتی بجٹ میں اضافہ کرنا ہوگا، صوبے کی آمدن میں اضافہ کیلئے لائحہ عمل طے اور وفاقی حکومت بلوچستان کے فنڈز میں اضافہ کرے، مہنگائی کے تناسب سے ملازمین کی تنخواہیں نہیں بڑھائی گئیں، صوبے میں 30 لاکھ نوجوان بے روزگار ہیں، حکومت صرف 6 ہزار نوجوانوں کو روزگار دے رہی ہے۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں 55 منٹ کی تاخیر سے شروع ہوا۔ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے سالانہ میزانیہ برائے مالی سال 2025-26 پر عام بحث کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر خزانہ نے والیم 8 فراہم نہیں کیا اگر فراہم کیا جاتا تو تفصیل سے بات کرتے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں آمدن کے ذرائع ناکافی ہیں صوبے کی اپنی آمدن بڑھائی جائے، بجٹ استعمال کرنے کا طریقہ کار واضح نہیں، طریقہ کار کے تحت فنڈز خرچ ہونے چاہئیں۔ انہوں نے تجویز دی کہ حکومت صوبے کی آمدن میں اضافے کیلئے لائحہ عمل طے کرے ساتھ ہی وفاقی حکومت بلوچستان کو دی جانے والی رقم میں اضافہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر خزانہ نے اپنی بجٹ تقریر میں کہا کہ بجٹ میں 36 ارب روپے سرپلس ہیں تاہم ہماری معلومات کے مطابق 52 ارب روپے سرپلس ہیں اس کی بھی تحقیق ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا ایک بڑا مسئلہ پینے کے پانی کی قلت کا ہے بجٹ میں پی ایچ ای کیلئے 11 ارب ناکافی ہیں، انہوں نے بجٹ میں محکمہ صحت، زراعت، پی ایچ ای، لائیو اسٹاک، لوکل گورنمنٹ کیلئے مختص بجٹ میں مزید اضافہ کی تجویز دیتے ہوئے کہا کہ حکومت نے محکمہ تعلیم کیلئے ایک کھرب روپے رکھے ہیں اس کے علاوہ ڈویلپمنٹ کی مد میں مزید 14 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں، دیکھنا ہوگا کہ خطیر رقم کے بعد نتیجہ بھی ایسا ہی نکلے گا یا نہیں اس سلسلے میں ایک ٹاسک فورس تشکیل دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ انڈسٹریز کیلئے ترقیاتی مد میں ... ارب روپے رکھے گئے ہیں آیا صوبے کی انڈسٹری میں کون سی ترقی آئی ہے مذکورہ رقم کہاں خرچ ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ کے لئے غیر ترقیاتی مد میں 42 ارب روپے رکھے گئے ہیں پتہ نہیں یہ کس مد میں رکھے گئے ہیں جبکہ ترقیاتی مد میں 12 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے تناسب سے ملازمین کی تنخواہیں نہیں بڑھائی گئی ہیں، بجٹ سے قبل حکومت کی مذاکراتی کمیٹی نے سرکاری ملازمین سے مذاکرات میں جو فارمولا طے کیا تھا سرکاری ملازمین کا گلہ ہے کہ اس پر عملدرآمد نہیں ہوا، حکومت ملازمین سے وعدے پر عملدرآمد کرے۔ انہوں نے کہا کہ جھالاوان میڈیکل کالج خضدار کیلئے بجٹ میں رقم مختص نہیں کی گئی اس سلسلے میں آج وزیراعلیٰ نے یقین دہانی کرائی ہے، جھالاوان میڈیکل کالج کے منصوبے کو پی ایس ڈی پی میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے پری بجٹ اجلاس منعقد نہیں کیا اب پوسٹ بجٹ اجلاس منعقد کرکے حکومت بجٹ سے متعلق اراکین اسمبلی کی تجاویز کو اہمیت دے۔ صوبائی وزیر شہزادہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ بجٹ والیم آٹھ اراکین اسمبلی کو ایس ایم ایس میں فراہم کردیا جائے گا۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ پی ایس ڈی پی کی کاپیاں اراکین اسمبلی کو ای میل فراہم کی جائیں۔ جماعت اسلامی کے رکن ہدایت الرحمٰن بلوچ نے بجٹ میں حصہ لیتے ہوئے کہا کہ بجٹ میں ترقیاتی، غیر ترقیاتی فنڈز اور چھ ہزار اسامیوں کے سوا کچھ نہیں، ترقیاتی مد میں 250 ارب روپے 6 ہزار منصوبوں کیلئے مختص کئے گئے ہیں جن میں 3 ہزار منصوبے ایسے بھی ہیں جو سالوں سے چلے آرہے ہیں۔ بلوچستان کی آبادی سب سے زیادہ مگر ترقیاتی بجٹ کم ہے غیر ترقیاتی بجٹ کم کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں غربت، جہالت، کرپشن، کمیشن خوری ہے، غیر ترقیاتی اخراجات کم کرکے کمیشن خوری، کرپشن کا خاتمہ کیا جائے، کرپشن کے خلاف ایوان سے بل منظور کیا جائے۔ کرپشن کے خلاف اقدامات کرنے ہوں گے، سرکاری گاڑیوں کے اخراجات کم کرنے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں 30 لاکھ نوجوان بے روزگار ہیں، حکومت صرف 6 ہزار نوجوانوں کو روزگار دے رہی اور 25 لاکھ نوجوانوں کو بارڈر بند کرکے بے روزگار کررہی ہے، سرحدی تجارت بند کرکے حکومت نے چھ ہزار ملازمتوں کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک منصوبے میں بلوچستان کہاں ہے، بلوچستان کا کوئی منصوبہ سی پیک میں شامل ہی نہیں۔ حکومت عوام سے وعدے کرے بجٹ میں مختص پیسے کرپشن و کمیشن کی نظر نہیں ہوں گے بلکہ عوام پر خرچ کئے جائیں گے۔ پیپلز پارٹی کے رکن صمد گورگیج نے کہا کہ حکومت نے تعلیم کے شعبے کیلئے خطیر رقم مختص کی ہے جو خوش آئند ہے تاہم یہ رقم اصلاحات تک نہیں پہنچی آج بھی کئی اسکول بند ہیں اساتذہ اسکول نہیں جاتے۔

## ارکان اسمبلی کا احتجاج، اسپیکر نے کیسکو چیف کو آج طلب کرلیا

**لوڈشیڈنگ کے دورانیہ میں کمی کی بجائے اضافہ کردیا گیا، زرک مندوخیل، صادق عمرانی، علی مدد جتک، صمد گورگیج**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کے ارکان کا بجلی کی لوڈشیڈنگ پر احتجاج، اسپیکر نے کیسکو چیف کو آج دوپہر ایک بجے اسمبلی طلب کرلیا۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعہ کو پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن زرک مندوخیل نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ میں طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے، انہوں نے اسپیکر سے استدعا کی کیسکو چیف کو طلب کیا جائے۔ صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے کہا کہ نصیرآباد میں اس وقت 52 ڈگری سینٹی گریڈ ہے، اس شدید گرمی میں بھی اضافی گھنٹے لوڈشیڈنگ ہورہی ہے حالانکہ وہاں دو پاور پلانٹس بھی موجود ہیں۔ انہوں نے بھی اسپیکر سے کیسکو چیف کو طلب کرنے کی استدعا کی۔ پیپلز پارٹی کے رکن علی مدد جتک نے کہا کہ کیسکو چیف کی یقین دہانی کے بعد لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں کمی کی بجائے اضافہ کیا گیا ہے۔ پیپلز پارٹی کے رکن صمد گورگیج نے کہا کہ جن علاقوں کے لوگ سو فیصد بل ادا کرتے ہیں وہاں بھی لوڈشیڈنگ ہورہی ہے، طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے حوالے سے ہم نے پہلے بھی کیسکو چیف کو صورتحال سے آگاہ کیا مگر کوئی پیشرفت نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر بے ہودہ قسم کی ویڈیوز اپ لوڈ کی جارہی ہیں، سوشل میڈیا کی مانیٹرنگ کا نظام وضع کیا جائے۔ اس موقع پر اسپیکر نے کیسکو چیف کو آج دوپہر ایک بجے اسمبلی طلب کرنے کی رولنگ دی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 21 JUN 2025 Page No. 15


## چمن: شہید لیویز اہلکار کی نماز جنازہ میں سول و عسکری حکام کی شرکت

### لیویز کے چاک و چوبند دستے نے سلامی پیش کی، شہید کے گھر جا کر فاتحہ خوانی

چمن (ن ن) دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے لیویز اہلکار حشمت اللہ کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں میں ادا کی گئی۔ شہید لیویز اہلکار کی نماز جنازہ میں اسسٹنٹ کمشنر... سول و عسکری افسران، قبائلی عمائدین، علماء کرام اور علاقے کے عوام کی کثیر تعداد میں شریک ہوئے۔ شہید لیویز اہلکار کی جسد خاکی کو لیویز کے چاک و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ بعد ازاں ڈی سی ... اور دیگر سول و فوجی افسران شہید کے گھر گئے جہاں انہوں نے شہید کے والدین اور خاندان سے تعزیت کی اور فاتحہ پڑھی۔ انہوں نے شہید کی درجات کی بلندی اور والدین، خاندان اور عزیز و اقارب کیلئے صبر جمیل اور اجر عظیم کیلئے دعا کی۔

## مرد اور خواتین ووٹرز کے فرق میں واضح کمی آرہی ہے، علی اصغر سیال

### انتخابی عمل میں میڈیا اور سول سوسائٹی کے کردار کے موقع پر ورکشاپ سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے ... تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر اقدامات کئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے الیکشن کمیشن کے زیر اہتمام "انتخابی عمل میں میڈیا اور سول سوسائٹی کے کردار" کے موضوع پر منعقدہ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین ووٹرز کی تعداد میں مردوں کے مقابلے میں موجود فرق کو کم کرنے کے لئے کئی اہم اقدامات اٹھائے گئے ہیں جس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں اور یہ فرق اب 13 فیصد سے کم ہو کر 7.3 فیصد رہ گیا ہے۔ ورکشاپ کا مقصد بھی عوام میں احساس ذمہ داری کو فروغ دینا ہے۔ جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر ... نے کہا کہ پچھلے برسوں میں کئی ترتیبی و انتظامی اقدامات اٹھائے گئے جن سے نہ صرف ... میں اضافہ ہوا بلکہ ... انتخابی عمل میں ... کردار پر بھی بات کی۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، 135 ایکڑ پر کاشت مضر صحت فصلیں تلف

### یہ فصلیں نالوں کے پانی سے سیراب کی گئیں جو شہریوں کیلئے سنگین خطرے سے خالی نہیں تھیں

### پولیس پر پتھراؤ کرنے پر 3 افراد گرفتار، قانون سے کوئی بالاتر نہیں، ڈی جی بی ایف اے خورشید عالم

کوئٹہ (ن ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے شہریوں کی صحت کے تحفظ اور خوراک کی بہتری کیلئے جاری مہم کے تحت ... سے کاشت کی جانے والی غیر صحت بخش سبزیوں کے خلاف بڑی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ تازہ ترین ایکشن میں 135 ایکڑ سے زائد رقبے پر کاشت مضر صحت فصلیں جن میں ... شامل تھے مکمل طور پر تلف کر دی گئیں۔ ان فصلوں کو نالوں اور آلودہ پانی سے سیراب کیا جا رہا تھا جو شہریوں کی صحت کیلئے سنگین خطرہ ہیں۔ ... پولیس کی مشترکہ ٹیم جب کارروائی کیلئے پہنچی تو زمینداروں کی جانب سے سخت مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ مشتعل افراد نے اتھارٹی اور پولیس اہلکاروں پر پتھراؤ کیا جس کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار زخمی ہوا۔ واقعے میں ملوث تین افراد کو موقع پر گرفتار کر کے ان کے خلاف مزید قانونی کارروائی شروع کر دی گئی۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی وقار خورشید عالم کا کہنا ہے کہ "قانون سے کوئی بالاتر نہیں، شہریوں کی صحت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔" انہوں نے مزید کہا کہ پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کے مکمل تعاون سے اتھارٹی کی جانب سے ایسے غیر قانونی زرعی اقدامات کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ مضر صحت خوراک کی پیداوار و فروخت کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی گئی ہے۔ محفوظ خوراک ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔ بی ایف اے کی اس مہم کا بنیادی مقصد شہریوں کو صاف، محفوظ اور غذائیت سے بھرپور خوراک کی یقینی فراہمی ہے۔

## صوبے کے نہری آبپاشی علاقوں میں کوئی آبی بحران نہیں، سیکرٹری آبپاشی

### مسلسل نگرانی کے باعث نصیرآباد ڈویژن کے نہری نظام میں پانی کی فراہمی تسلی بخش ہے

کوئٹہ (ن ن) سیکرٹری آبپاشی بلوچستان حافظ عبدالماجد نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کی موثر حکمت عملی اور محکمہ آبپاشی کے فیلڈ افسران کی مسلسل نگرانی کے باعث نصیرآباد ڈویژن کے بیشتر نہری نظام میں پانی کی فراہمی تسلی بخش ہے اور بیشتر نہروں میں پانی کی دستیابی آخری سروں (ٹیل اینڈز) تک یقینی بنائی گئی ہے، جو علاقہ مکینوں کے لئے خو....... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

... انہوں نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر گزشتہ سال نہری نظام کی بحالی کے لئے 10 کروڑ روپے کے فنڈز جاری کیے گئے تھے جس کی بدولت پانی کی ترسیل ممکن رہی۔ ان ہی اقدامات کے تسلسل میں ... کی وجہ سے ... جس سے ... ایریا میں سیرابی ممکن ہوئی اور زمینداروں نے اپنی ... فصلیں کاشت کیں۔ انہوں نے کہا کہ ... کینال میں پانی مکمل طور پر ... موجود ہے۔

## اے سی کچلاک کا مفتی محمود میموریل ہسپتال کا دورہ

### ایم ایس ڈاکٹر وکیل شیرانی نے مختلف امور بارے بریفنگ دی

کوئٹہ (ن ن) اسسٹنٹ کمشنر (کچلاک) احتشام الدین کاکڑ نے گزشتہ روز یہاں مفتی محمود میموریل ہسپتال کچلاک کا دورہ کیا اور ایم ایس ڈاکٹر وکیل شیرانی سے بریفنگ لی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ہسپتال میں ... تمام شعبوں میں ... مختلف صحت کارڈ سروسز اور فارمیسی سمیت مختلف سہولیات عوام کو فراہم کی جا رہی ہیں۔ سکیورٹی، صفائی، پانی، بجلی ... کے لیے بہتر اور خوشگوار ماحول کا اہتمام کیا گیا ہے۔ ...

## جوانوں نے ہمیشہ ملک و قوم کیلئے جانوں کے نذرانے پیش کئے، ڈی جی لیویز

### پوری قوم کو فورس کے بہادر سپاہیوں پر فخر ہے، سی ایم ایچ میں اہلکاروں کی عیادت کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (اے پی پی) ڈائریکٹر جنرل لیویز فورس بلوچستان عبدالغفار مگسی نے کہا ہے کہ لیویز فورس کے جوانوں نے ہمیشہ ملک و قوم کے تحفظ کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے۔ پوری قوم کو لیویز فورس کے بہادر سپاہیوں پر فخر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو سی ایم ایچ ہسپتال کے دورے کے موقع پر چمن میں دہشت گرد حملے میں زخمی ہونے....... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

والے اہلکاروں کی عیادت کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ڈی جی لیویز عبدالغفار مگسی نے کہا کہ چمن میں شہید لیویز اہلکاروں کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ ڈی جی لیویز نے کہا کہ لیویز فورس کے جوانوں نے ہمیشہ ملک و قوم کے تحفظ کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے۔ انہوں نے شہید ہونے والے جوان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو لیویز فورس کے بہادر سپاہیوں پر فخر ہے۔ ڈی جی لیویز نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردوں کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا اور حوصلے بلند ہیں، انہیں کے علاج معالجے بہتر طریقے سے جاری ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 21 JUN 2025 Page No. 16


## عالم اسلام انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے، مولانا عبدالواسع

**حکومت ہماری تجاویز سنجیدگی سے لیتی تو آج ملک اندرونی طور پر عدم استحکام کا شکار نہ ہوتا، بیان**

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ اس وقت عالم اسلام کے حالات انتہائی نازک دور سے گزر رہے ہیں، فلسطین کے مظلوم عوام پر اسرائیل کی جاری بربریت، ایران کی خودمختاری پر مغربی قوتوں کے حملے اور دنیا کے مختلف خطوں میں مسلمانوں کے خلاف جاری ظلم و ستم ایسے حقائق ہیں جن پر خاموشی اختیار کرنا انسانی ضمیر کا قتل ہے، ان تمام عالمی معاملات میں قائد ملت اسلامیہ مولانا فضل الرحمن نے ہمیشہ دوٹوک موقف اختیار کرتے ہوئے امت مسلمہ کے اجتماعی احساس کی حقیقی ترجمانی کی، ان کی قیادت میں جمعیت نے ہر ظالم کے خلاف اور ہر مظلوم کے حق میں نہ صرف آواز بلند کی بلکہ عملی میدان میں بھی کردار ادا کیا۔ بیان میں انہوں نے کہا کہ افسوس اس بات کا ہے کہ گزشتہ دو برس میں ہماری جماعت کی اصولی آواز کو دانستہ طور پر نظرانداز کیا گیا، قائد جمعیت کی جانب سے خارجہ پالیسی کے حوالے سے دی گئی واضح تنبیہ اور تجاویز کو حکومت وقت سنجیدگی سے لیتی تو آج پاکستان اندرونی طور پر عدم استحکام کا شکار نہ ہوتا۔

## میٹروپولیٹن نے کوئٹہ کو گندگی کے ڈھیر میں تبدیل کر دیا، رحیم کاکڑ

**یونین کونسل میں صفائی عملہ تعینات کیا جائے، بیان۔ ملک شاہ وکاکڑ اور حاجی فیض اللہ نورزئی کے انتقال پر اظہار تعزیت**

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما محمد رحیم کاکڑ، سردار حسن، شاہ مسعود جمیل بلوچستان ایڈووکیٹ، امیر ولی ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، توقیر جلیل، شیر احمد، نسیم جمال، ارشد اچکزئی، امین آغا اور دیگر نے بیان میں ملک محمد شاہ کاکڑ اور حاجی فیض اللہ نورزئی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا انتقال علاقے کے لئے ناقابل تلافی نقصان ہے، بیان میں انہوں نے مرحومین کی مغفرت اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔ دریں اثناء محمد رحیم کاکڑ نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی ناقص کارکردگی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پورا شہر گندگی کا ڈھیر بن چکا ہے، نالیاں گندگی سے بھری ہوئی ہے جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر پڑے ہوئے ہیں، جب سے صفائی کا ٹھیکہ دیا گیا ہے شہر کا برا حال ہو گیا ہے انہوں نے کہا کہ ہر گھر سے کچرا اٹھانے کا عمل دوبارہ شروع کیا جائے اور ہر یونین کونسل میں صفائی کا عملہ تعینات کیا جائے۔

## مستونگ میں نوجوان اغواء، ورثاء نے احتجاجاً قومی شاہراہ بلاک کر دی

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے میں نوجوان کے اغواء کے خلاف اور بازیابی کیلئے اس کے اہل خانہ عزیز و اقارب نے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہو گئی جس سے سڑک کے دونوں جانب گاڑیوں کی لمبی لمبی قطاریں لگ گئیں مسافروں اور ڈرائیوروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا گزشتہ روز مستونگ کے علاقے سے نامعلوم مسلح افراد ایک نوجوان کو اغواء کر کے لے گئے جس کیخلاف اس کے اہل خانہ نے قومی شاہراہ کو بلاک کر کے احتجاج کیا اور کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ مسلسل [illegible] گھنٹوں سے بلاک ہونے کی وجہ سے لوگوں کی مشکلات بڑھ گئیں انتظامیہ مظاہرین کے ساتھ بات چیت کر کے احتجاج ختم کروا کر قومی شاہراہ کو ٹریفک کی آمدورفت کیلئے بحال کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔

## قرآنی تعلیمات سے دوری کی وجہ سے مسائل کا شکار ہیں، ہدایت الرحمان

**جماعت اسلامی دیگر پارٹیوں کی طرح کسی کی موروثی پراپرٹی نہیں، تربیتی ورکشاپ سے خطاب**

کوئٹہ (پ ر) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ قرآن کو امام بنا کر ہم دنیا کی قیادت کر سکتے ہیں، امراء اضلاع فہم القرآن کا انعقاد کریں، قرآنی تعلیمات سے دوری کی وجہ سے ہم مسائل کا شکار ہیں، بلوچستان میں لاقانونیت بدامنی بے روزگاری ختم کرنے کی ضرورت ہے، اسلام آباد کی طرف مارچ سے حالات تبدیل ہو سکتے ہیں، جماعت اسلامی کی تعلیمی سیاسی سماجی دینی خدمات روز روشن کی طرح عیاں ہیں، جماعت اسلامی دیگر پارٹیوں کی طرح کسی کی خاندانی موروثی پارٹی نہیں بلکہ اسلامی نظام کے قیام عوام کو حقوق کی فراہمی اور ظلم و جبر کے خلاف جدوجہد کا نام ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں اضلاع سے آئے ہوئے مدرسین کی تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ورکشاپ سے مولانا ہدایت الرحمان عبدالمجید شاکر، مولانا عبدالحق، ظہور احمد کاکڑ، پروفیسر مولانا عبدالخالق، مدثر جمیل، مولانا عبدالحمید منصوری، ڈاکٹر عطاء الرحمان، مدثر جمیل، مولانا نعمت اللہ اور مولانا قاری احمد جان نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایران پر اسرائیلی و امریکی جنگ میں امت مسلمہ بالخصوص مسلم حکمرانوں اور افواج کے سربراہان کو ایک ہو کر ایران کا ساتھ دینا چاہئے، اگر اسرائیل و امریکہ ایران کو ناکام و تباہ کرنے میں کامیاب ہوا تو اگلا نشانہ پاکستان ہے اس لئے ایران کی مکمل کی حمایت پاکستان کے بقا کا واحد راستہ ہے۔

## ججز سنیارٹی کیس صدر کو بھیجنے کا فیصلہ آزاد عدلیہ کیخلاف سازش ہے، بلوچستان بار کونسل

**بدقسمتی سے 26ویں آئینی ترمیم کے بعد ایک مخصوص ٹولہ اپنی پسند کا فیصلہ حاصل کرنا چاہتا ہے، راحب بلیدی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین راحب خان بلیدی ایڈووکیٹ نے سپریم کورٹ آئینی بینچ کی جانب سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کے سینیارٹی کیس کو صدر کو بھیجنے کے فیصلے کو ایک بار پھر آزاد عدلیہ کے خلاف سازش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ججز کے سینیارٹی کا فیصلہ سپریم کورٹ کو کرنا چاہیے صدر کے ذریعے سینیارٹی کا فیصلہ آزاد عدلیہ کے خلاف سازش ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے 26ویں آئینی ترمیم کے بعد آئینی بینچ کی تشکیل ہو یا دوسرے صوبوں سے ججز کا ٹرانسفر ہو ایک مخصوص ٹولہ اپنی پسند کا فیصلہ حاصل کرنا چاہتا ہے دوسرے صوبے سے ٹرانسفر جونیئر جج کو چیف جسٹس تعیناتی سینیارٹی کے اصولوں کے خلاف عمل کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے بہادر و باہمت ججز کی جانب سے سپریم کورٹ میں چیلنج کرنا آزاد عدلیہ کی جانب ایک درست قدم تھا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں سینیارٹی کے حوالے سے کسی بھی فیصلے کو بلوچستان بار کونسل اور ملک بھر کے وکلاء تنظیمیں قبول نہیں کریں گی اسلام آباد ہائی کورٹ ججز کی سینیارٹی کیس میں اکثریتی ججز کا فیصلہ تاریخ میں سیاہ باب کے طور پر یاد کیا جائے گا۔


INTEKHAB QUETTA


## بلوچستان گرینڈ کا صوبہ بھر میں احتجاج، دفاتر کی تالہ بندی

**24 جون کو اسمبلی کے سامنے دھرنا دیا جائے، اعلامیہ بلوچستان گرینڈ الائنس**

کوئٹہ/گوادر (بیورو رپورٹ) بلوچستان گرینڈ الائنس کی کال پر کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں دفاتر کی تالہ بندی کی گئی اور احتجاج ریکارڈ کرایا گیا، احتجاج کا یہ سلسلہ آج (بروز ہفتہ) بھی جاری رہے گا جس کے بعد 23 جون کو بلوچستان بھر سے سرکاری ملازمین کوئٹہ کا رخ کریں گے اور 24 جون کو اسمبلی کے سامنے دھرنا دیا جائے جو مطالبات کی منظوری تک جاری رہے گا۔ بلوچستان گرینڈ الائنس کے مرکزی اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ دوروزہ تالہ بندی کے سلسلے میں جمعہ کے روز تمام سرکاری دفاتر اور تعلیمی اداروں میں احتجاج کیا گیا آج (بروز ہفتہ) بھی احتجاج کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ بلوچستان بھر بقیہ نمبر 40 صفحہ 5 پر


CamScanner

## پشین، مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈاکٹر جاں بحق

پشین (نامہ نگار) مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈاکٹر جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق کلی تورہ شاہ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈاکٹر محمد صدیق ترین موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ ان کا جوان سال بیٹا اقبال خان اور ساتھی نصیر خان شدید زخمی ہو گئے جنہیں سول پشین اسپتال میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔

## پنجگور، زمین کے تنازع پر دو افراد زخمی

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کے علاقے ... میں زمین کے تنازع پر دو گروہوں میں جھگڑے کے دوران 2 افراد یٰسین ولد یحییٰ محمد اور نعیم ولد خان محمد زخمی ہو گئے پولیس نے دو ملزمان کو اسلحہ سمیت گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

## چاغی، مزاحمت پر موٹر سائیکل سوار زخمی

دالبندین (این این آئی) چاغی شہر کے نواحی علاقے کلی نور احمد مینگل کے قریب ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کر کے سوار ہاشم اللہ کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے۔

MASHRIQ QUETTA

## خضدار، ڈکیتی کے مقدمہ میں مفرور و دیگر جرائم پیشہ ملزمان گرفتار

### اشتہاری ملزمان کیخلاف سی آئی اے پولیس کی کارروائیاں، دو بوتل شراب برآمد

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار سی آئی اے پولیس کی جرائم پیشہ ملزمان کے خلاف کامیاب کارروائیاں ڈکیتی کے مقدمہ میں مفرور ملزم گرفتار اور دوسری کارروائی میں ملزم گرفتار ان سے دو بوتل شراب برآمد کر لیا گیا کے خلاف مقدمہ درج کرا لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ........

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ایس پی خضدار فقیر اور عمر عباس بابر، ڈی ایس پی سٹی محمد زمان چھرانی کی مفروران و اشتہاری ملزمان کیخلاف جاری مہم میں سی آئی اے انچارج مقبول احمد موسیانی و دیگر اہلکاروں نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کے کیس میں مفرور ملزم کفیل کو سٹی تھانہ کے مقدمہ نمبر 76/2025 بجرم 393.34 ت پ میں گرفتار کر کے حوالات میں بند کر دیا جبکہ دوسری کارروائی میں ملزم ثناء اللہ کو گرفتار کر کے ان سے دو بوتل شراب برآمد کر کے سٹی تھانہ میں مقدمہ نمبر 114/2025 بجرم 4.3 حد خفیات درج کر لیا گیا ہے۔ خضدار پولیس کا عزم ہے کہ جرائم پیشہ ملزمان کے خلاف کارروائیاں اسی طرح جاری رہیں گی۔

## دکی میں فائرنگ سے ایک خاتون جاں بحق، تین افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) دکی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک خاتون جاں بحق، تین افراد زخمی ہو گئے۔ لیویز کے مطابق جمعہ کو دکی کے علاقے جھالار میں مسلح افراد کے حملے میں ایک خاتون جاں بحق جبکہ تین افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ زخمیوں میں شاہ ولی، عبدالحبیب اور عبداللہ شامل ہیں۔ لیویز نے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد لورالائی منتقل کر دیا۔ مزید کارروائی جاری ہے۔

## مستونگ میں نامعلوم افراد کی دو ٹرالروں پر فائرنگ، ڈرائیور معجزانہ طور پر محفوظ

مستونگ (پی این اے) ضلع مستونگ میں بلوچستان ہوٹل کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے دو ٹرالرز کو فائرنگ کا نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں گاڑیوں کو نقصان پہنچا تاہم دونوں ڈرائیور معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ لیویز حکام کے مطابق واقعہ جمعہ کے روز اس وقت پیش آیا جب دونوں ٹرالرز معمول کے مطابق اپنے راستے پر گزر رہے تھے۔ اچانک نامعلوم حملہ آوروں نے اندھا دھند فائرنگ کر دی اور موقع سے فرار ہو گئے۔ فائرنگ کے باعث دونوں گاڑیوں کو نقصان پہنچا، تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5 — Dated: 21 JUN 2025 — Page No. 18


## چاغی 88 کروڑ روپے کے واٹر سپلائی اسکیم پروجیکٹ سست روی کا شکار

چاغی (نامہ نگار) چاغی شہر کے 88 کروڑ روپے کے واٹر سپلائی اسکیم پروجیکٹ سست روی کا شکار، چاغی عوام کے تشویش میں اضافہ، چاغی شہر میں پانی کے شدید قلت سے عوام مشکلات کا شکار، ایم پی اے چاغی حاجی صادق خان سنجرانی چاغی واٹر سپلائی اسکیم کے سست روی کا نوٹس لیں اور جلد منصوبے کی تکمیل کے لئے اقدامات کئے جائیں چاغی کے عوامی حلقوں نے کہا کہ محکمہ پی ایچ ای اور متعلقہ ٹھیکیدار کے جانب سے چاغی شہر کے واٹر سپلائی کی تعمیر سست روی اور تاخیر کا شکار، کروڑوں روپے ضائع ہونے کا خدشہ ہیں جس کی وجہ سے چاغی کے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہیں چاغی شادی شیف واٹر سپلائی اسکیم پروجیکٹ کے پہلے مرحلے میں شادی شیف میں بورنگ، جبکہ مکمل کئے جس اب کی محکموں سے ٹھیکیدار کے جانب سے کام سست روی کا شکار ہیں جس کے وجہ چاغی کے عوام ذہنی کوفت میں مبتلا ہیں چاغی شہر کے عوام کی تمام امیدیں شادی شیف واٹر سپلائی پروجیکٹ سے وابستہ ہیں چاغی کے عوامی حلقوں نے ایم پی اے چاغی حاجی صادق خان سنجرانی، سابق [illegible] بلوچستان میر اعجاز خان سنجرانی سے اپیل کی ہیں کہ محکمہ پی ایچ ای کے ضلعی آفیسر اور متعلقہ ٹھیکیدار کو فوری طلب کریں چاغی شہر کے سب سے بڑے پانی کے پروجیکٹ کو جلد مکمل کیا جائے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 21 JUN 2025 Page No. 19

# آئندہ مالی سال میں صحت کیلئے 87.4ارب روپے مختص!

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے گذشتہ روز بلوچستان کے آئندہ مالی سال 2025-26ء کا اعلان کیا، جس میں آئندہ مالی سال میں صحت کیلئے 87.4ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ صحت کا بہتر نظام نہ صرف لوگوں کے معیار زندگی کو بہتر بناتا ہے بلکہ معاشی ترقی میں بھی معاون ثابت ہوتا ہے۔ مختلف بیماریوں کی روک تھام، علاج معالجہ اور فروغ صحت کے حوالے سے اقدامات کرنا پبلک سیکٹر میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اسی لیے شعبہ صحت ہماری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ محکمہ صحت نے ریکارڈ مدت میں بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کا آغاز کیا تھا اور مزید اس پروگرام کو وسعت دی جا رہی ہے۔ اس انقلابی اقدام سے صوبے کے شہریوں کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں آسانیاں پیدا ہوئی ہیں۔ لورالائی اور خضدار میں برن یونٹس کا قیام اور ان کی مشینری و دیگر ضروری آلات کی فراہمی اور کوئٹہ میں نئے قائم شدہ کینسر ہسپتال ٹراما سنٹر کو سہولیات مہیا کرنا حکومتی اقدامات میں شامل ہے۔ رواں مالی سال بلوچستان کے تمام اضلاع کے لیے 166 ایمبولنسز کی خریداری کی گئی ہے۔ رواں مالی سال کے دوران 663 میڈیکل آفیسرز، لیڈی میڈیکل آفیسرز، ڈینٹل سرجنز اور سٹاف نرسز کنٹریکٹ بنیادوں پر بھرتی کیے جا چکے ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ آئندہ مالی سال 2025-26ء میں صحت کیلئے 87.4 ارب روپے مختص کرنا اور صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے بلوچستان میں صحت کے حوالے سے دیگر مذکورہ ایشو پر بجٹ تقریر کے دوران اعلانات بلاشبہ قابل تعریف ہیں لیکن ان پر عملی اقدامات کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو یہ اعلانات کارگر ثابت نہ ہوں گے۔ انہوں نے اپنے مذکورہ بجٹ تقریر میں بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام سے استفادہ حاصل کرنے کا ذکر اور اس کو مزید وسعت دینے کی جو بات کی ہے وہ اس بات کا مظہر ہے کہ محکمہ صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔

یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبائی حکومت کو محکمہ صحت میں عوام کو سہولیات کی فراہمی کو اولین ترجیح سمجھتے ہوئے یہ کام عملی طور پر کرنا چاہیے۔ کیونکہ اس سے قبل بھی ایسے ہی دعوے کئے جاتے رہے ہیں لیکن ان پر عملی اقدامات کرنے کا فقدان پایا جاتا ہے۔ اب تک عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی صحیح طور پر نہیں ہو رہی۔ موجودہ حکومت نے محکمہ صحت میں چند ایک اچھے اقدامات ضرور کئے ہیں لیکن اب بھی محکمے میں عوام سے متعلق ایسے مسائل درپیش ہیں جن کا حل کرنا ازحد ضروری ہے۔ ان میں سب سے اہم مسئلہ جس پر کئی بار لکھا جا چکا ہے۔ عوام کو سرکاری ہسپتالوں میں مفت ادویات کا فراہم کرنا، او پی ڈی کے دورانیے کو بڑھانا، اہم ٹیسٹوں کا ہسپتالوں میں ہونا اور بلوچستان ہیلتھ کارڈ کو او پی ڈی میں بھی استعمال کرنے کے احکامات جاری کرنا انتہائی ناگزیر ہے۔ اس سے عوام کو صحت کی سہولتوں کی فراہمی صحیح معنوں میں ممکن ہو سکے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated: 21 JUN 2025 Page No. 26

# Grievances of govt employees

The air in Balochistan is thick with discontent, and the source of this palpable frustration lies squarely at the feet of the provincial government. For months, the economic noose has tightened around the necks of ordinary citizens, with inflation relentlessly eroding purchasing power. Yet, for government employees in Balochistan, this struggle is compounded by a bitter sense of betrayal and a glaring disparity in treatment compared to their federal counterparts. It is an established practice that Balochistan's provincial budget aligns with the federal government's directives when it comes to increasing salaries and pensions. This precedent has been conspicuously abandoned by the Balochistan government, leading to a deepening crisis of trust and a legitimate outcry from its workforce. Last year, the federal government, acknowledging the severe impact of inflation, not only increased salaries but also introduced a crucial "Disparity Allowance." While other provinces largely followed suit, Balochistan, citing financial constraints, begrudgingly offered a mere 20 percent of this allowance. This initial deviation set a worrying precedent, signaling a provincial administration less concerned with the welfare of its employees and more with fiscal austerity, even if it meant sacrificing the livelihoods of its dedicated workforce. This year, the situation has escalated from concerning to outright infuriating. The federal government, once again demonstrating its commitment to alleviating the burden on its employees, announced a substantial 30 percent disparity allowance, explicitly directing provinces to follow suit. In a moment that offered a glimmer of hope, the Balochistan government, in a joint press conference with the Balochistan Grand Alliance (BGA), publicly committed to adopting the federal government's lead. This promise, made before the budget presentation, was a crucial assurance, offering a much-needed morale boost to thousands of struggling families. However, the post-budget reality has been a cruel awakening. The Balochistan government has, astonishingly, backtracked on its solemn pledge. This sudden and inexplicable reversal has ignited a firestorm of protest, uniting all government employees under the banner of the BGA. The anger is palpable, manifesting in widespread boycotts of duties across government directorates, including vital educational and health institutions. The province, already fragile and prone to unrest, is now staring down the barrel of a "massive protest call" if the government fails to honor its commitments. The government's actions risk alienating a significant portion of its workforce, leading to decreased morale, inefficiency, and further instability. The Balochistan government must understand that its employees are not asking for luxuries; they are demanding a fair and equitable response to the economic realities they face daily.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 21 JUN 2025 Page No. 21


## حکومت بلوچستان کا عوامی بجٹ


تحریر۔محمد دہاج سلیمان


بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے اس کی سرحدیں مشرق میں سندھ اور پنجاب، شمال میں خیبر پختونخوا اور افغانستان، مغرب میں ایران اور جنوب میں بحیرہ عرب سے ملتی ہیں۔ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور اس کی جغرافیائی اہمیت بھی ہے اس کی سرحدیں تین ممالک سے ملتی ہیں اور اس کے پاس ایک طویل ساحلی پٹی بھی ہے صوبہ بلوچستان کو گزشتہ کئی سالوں سے امن وامان کی مخدوش صورتحال اور دیگر مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جو کہ حکومت وقت کیلئے کسی بڑے چیلنج سے کم نہیں ہے۔ حکومت بلوچستان عوام کو روز اول سے سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے حکومت کی جانب سے عوام کی فلاح وبہبود، ترقی و خوشحالی کو مدنظر رکھتے ہوئے رواں مالی سال کو مدنظر رکھتے ہوئے آئندہ سال کا بجٹ پیش کر دیا بجٹ سے متعلق عموماً دیکھنے اور سننے کو ملتا ہے کہ یہ صرف لفظوں کی ہیرا پھیری ہے، 15 سے 20 گھنٹے کی کتابیں ہوتی ہیں جو صرف ردی کے کام آتی ہے۔ مخلوط صوبائی حکومت اور اتحادی جماعتوں کی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ حکومت کو تقریباً سوا ایک سال ہونے کو ہے اور حکومت کا یہ دوسرا بجٹ ہے حکومت بلوچستان نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے روز اول سے متحرک ہے اور نوجوانوں کے مسائل کے حل کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہے۔ گزشتہ مالی سالوں میں پی ایس ڈی پی کے استعمال کی شرح کچھ یوں رہی (2021-2022، 53 فیصد) (2022-2023، 66 فیصد) جبکہ (2023-2024، 55 فیصد) پی ایس ڈی پی کا استعمال کیا گیا حکومت بلوچستان نے تاریخ میں پہلی مرتبہ پی ایس ڈی پی کا 100 فیصد صوبے کی فلاح وبہبود اور ترقیاتی اسکیمات پر خرچ کیا رواں مالی سال 2024-25 کے کل بجٹ کا غیر ترقیاتی تخمینہ (609) چھ سو نو ارب روپے تھا جبکہ نظر ثانی شدہ بجٹ برائے سال 2024-2025 کا تخمینہ (544) پانچ سو چوالیس ارب ہوگیا، ترقیاتی اخراجات کا تخمینہ (219) دو سو انیس ارب روپے تھا جو کہ نظر ثانی شدہ تخمینہ میں بڑھ کر 243 ارب روپے ہوگیا ہے جس میں 3976 جاری اسکیمات کیلئے 157 ارب روپے جبکہ 2704 نئی ترقیاتی اسکیمات کیلئے 86 ارب روپے جاری کئے گئے ہیں۔ رواں مالیاتی سال 2024-25 میں نئی اسامیوں کی مد میں تمام صوبائی محکموں میں 2964 اسامیوں کو تخلیق کیا گیا، جن پر کئی محکموں میں میرٹ پر تعیناتیاں کی گئی اور باقی محکموں میں بھرتیوں کا عمل جاری ہے صوبائی حکومت نے پی ایس ڈی پی فنڈز کو بروقت استعمال کرتے ہوئے اپنے مقرر کردہ ہدف کو حاصل کیا جو کہ موجودہ حکومت کی کارکردگی کا روشن باب ہے۔ رواں مالی سال پی ایس ڈی پی میں 21 فیصد فنڈز سڑکوں، 18 فیصد آبپاشی اور 2.3 فیصد توانائی، 13 فیصد تعلیم، 8 فیصد صحت جبکہ 7 فیصد پبلک ہیلتھ سیکٹرز کیلئے مختص کئے گئے تھے ان میں پیداواری شعبوں کو مجموعی طور پر 6 فیصد بجٹ ملا جس میں زراعت ماہی گیری اور معدنیات کے شعبے شامل ہیں رواں مالی سال 2024-2025 میں 219 ارب روپے کا صوبائی پی ایس ڈی پی فنڈ کیا گیا، جو کہ مالی ترقیاتی اہداف سے ہم آہنگ تھا رواں مالی سال میں حکومت بلوچستان نے 10 ارب روپے سے زائد رقم کو ایمرجنسی ترقی و خوراک کے تحفظ کیلئے خرچ کیا جبکہ شعبہ صحت کی بہتری کیلئے 20.8 ارب روپے مختلف اسکیمات پر خرچ کئے صوبے کے طلباء وطالبات کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کیلئے 32 ارب روپے سے زائد رقم کو خرچ کیا گیا۔ موجودہ صوبائی حکومت کی جانب سے آبپاشی کے نظام کو بہتر بنانے جبکہ عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے مختلف ڈیمز بنانے کیلئے تقریباً 46 ارب روپے کی خطیر رقم مختلف اسکیمات پر خرچ کی گئی جبکہ توانائی کے بحران پر قابو پانے اور قابل تجدید توانائی حاصل کرنے کیلئے تقریباً 6 ارب روپے مختلف اسکیمات پر خرچ کئے گئے حکومت بلوچستان کی جانب سے رواں مالی سال کو مدنظر رکھتے ہوئے آئندہ بجٹ میں اصلاحات لانے کیلئے موجودہ کابینہ سے مشاورت کرنے کے بعد بجٹ پیش کر دیا جس میں ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے گئے ہیں بجٹ 2025-26 میں حکومت کے اقدامات میں صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں یکساں بنیادی انفراسٹرکچر کی بہتری، بنیادی صورتحال میں بہت ہی اصلاحات متعارف کروانے، سوشل سیکٹر کو مربوط کرنے، صوبے کے اپنے پیداواری شعبوں سے مزید بہرہ مند ہونے، سماجی تحفظ کے لئے اقدامات کو وسعت دینے سمیت روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور امن وامان کی مکمل بحالی شامل ہیں ان اقدامات میں سرکاری ملازمین، خواتین، پنشنرز، نوجوان، ماہی گیر، مزدور سمیت ہر شعبہ زندگی سے وابستہ افراد شامل ہیں آئندہ مالی سال 2025-26 کا کل بجٹ تخمینہ 1028 ارب روپے ہے جس میں غیر ترقیاتی بجٹ کا حجم 640 ارب روپے ہے جبکہ مجموعی صوبائی ترقیاتی بجٹ (PSDP) کا حجم 249.5 ارب روپے ہے وفاقی ڈویلپمنٹ گرانٹس کی مد میں 57 ارب روپے اور فارن پروجیکٹ اسسٹنس کی مد میں 30 ارب روپے صوبائی ترقیاتی پروگرام کے علاوہ ہیں اس طرح یہ بجٹ ہمارے صوبے کا سرپلس بجٹ ہے اور اس سرپلس بجٹ کا تخمینہ 51.5 ارب روپے ہے جو ایک لحاظ سے بلوچستان کا تاریخی بجٹ ہے جو صوبے کی تاریخ میں پہلی دفعہ ایک کھرب سے زیادہ کا بجٹ پیش کیا جا رہا ہے صوبائی آمدنی میں بھی بہتری لائی جا رہی ہے جس کے تحت صوبائی آمدنی کو 124 ارب روپے تک پہنچایا جائے گا۔ صوبے میں جاری اخراجات میں کمی لائی گئی ہے تاکہ صوبائی وسائل کو زیادہ اہم اور ترجیحی منصوبوں پر صرف کیا جا سکے اس مد میں پرچیزنگ اخراجات کو موجودہ 43 ارب روپے کے مقابلے میں 33 ارب روپے تک کر دیا گیا ہے اس طرح 10 ارب روپے کی کمی کی گئی ہے رواں مالی سال کے دوران [illegible] اخراجات کی مد میں مشینری اور دیگر ضروری اشیاء کی خریداری کے لئے 4.50 ارب روپے رکھنے پر غور کیا گیا ہے اس میں بھی پچھلے سال کی نسبت 16 ارب روپے کی کمی کی گئی ہے محکموں کو گرانٹس کی مد میں 113 ارب روپے رکھے گئے آئندہ سال بجٹ میں صوبائی حکومت کی جانب سے صوبہ بھر میں جاری فلاحی، ترقیاتی امن وامان اور دیگر شعبوں کو ترجیح دی گئی ہے جن میں 8 شہروں میں سیف سٹی کے قیام کیلئے 18 ارب، ضلعی سطح پر عوامی ضروریات پوری کرنے کیلئے 20 ارب کی فراہمی جبکہ شہری سہولیات کے لیے 3 ارب کی فراہمی جو کہ صفائی کے نظام اور نکاسی آب پر خرچ کئے جائیں گے صوبے میں معیاری تعلیم کو فروغ دینے اور 1200 ارب روپے رکھے گئے ہیں، جبکہ 104 بنیادی صحت کے مراکز کی بحالی کیلئے 200 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں گورننس کی بہتری کیلئے محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کو 1 ارب جبکہ پراسیکیوشن کیلئے 1 ارب روپے تخصیص کئے گئے ہیں۔ مقامی زبانوں کے فروغ و ترویج کیلئے صوبائی حکومت نے بلوچستان میں 4 اکیڈمیوں کیلئے 50 ملین فی اکیڈمی مختص کئے ہیں یونین کونسلز میں 1000 فنڈریشن پارٹنرز کیلئے 3 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں جس سے عوام کو استفادہ ہوگا آئندہ مالی سال بجٹ میں تقریباً 25 ارب روپے کی لاگت کا منصوبہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس میں [illegible] کی عوام کیلئے ڈیم بھی شامل ہے آئندہ بجٹ میں بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے بلاسود قرضوں اور ہنر سکھانے کیلئے تقریباً 16 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں موجودہ صوبائی حکومت نے آئندہ مالی سال کے لئے جامع ترقیاتی وژن تشکیل دیا ہے جس میں معیشت، تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کے نظام کو مرکزی اہمیت حاصل ہے جس میں ڈیمز، سڑکیں، صنعتی زون، ٹیکنالوجی، ریل کے منصوبے، روزگار، معیشت کی فراوانی، مائننگ پالیسی اور زراعت وغیرہ شامل ہیں اس طرح بلوچستان کے بے روزگار نوجوانوں کو فنی تربیت سے آراستہ کرنے کے لئے 5000 ملین روپے مختص کیے جا رہے ہیں صوبے میں ماحولیاتی اقدامات کو بہتر بنانے کے لئے موجودہ صوبائی حکومت نے پہلی بار بلوچستان کلائمیٹ چینج فنڈ کے تحت ابتدائی فنڈ 500 ملین روپے کی گرانٹ کو مختص کیا ہے جامعات کو 8000 ملین روپے کی رقم بلوچستان کے تمام یونیورسٹیوں کے لئے مختص کی گئی جبکہ فیڈرل گورنمنٹ یعنی HEC نے بھی 3000 ملین روپے مختص کیے ہیں بچت اسکیم کے تحت موجودہ صوبائی حکومت کوئی نئی گاڑیاں نہیں خریدے گی صرف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی لئے جہاں ان کی ضرورت پڑے خریدی جائے گی نئے مالی سال 2025-26 میں بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے صوبائی محکموں میں مجموعی طور پر 4188 کنٹریکٹ جبکہ 1958 ریگولر اسامیاں تخلیق کی جارہی ہیں آئندہ مالی سال کا بجٹ کوئی روایتی بجٹ نہیں ہے بلکہ یہ عوام دوست، متوازن اور ترقیاتی منصوبہ جات کا بجٹ ہے جو وسیع پیمانے پر اصلاحات کیلئے ایک واضح روڈ میپ ہے اس بجٹ میں عوام کی مشکلات کو حل کرنے کیلئے اور قومی مفاد کو ترجیح دی گئی ہے موجودہ بجٹ صحت، تعلیم اور آئی ٹی کے ذریعے صوبے کی عوام بالخصوص خواتین اور نوجوانوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کا ایک مکمل جامع منصوبہ ہے جو اقتصادی ترقی کو فروغ دینے، سماجی انصاف کو یقینی بنانے اور صنفی مساوات دینے کیلئے ہمارے غیر متزلزل عزم کی عکاسی کرتا ہے۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 21 JUN 2025

Page No.



کوئٹہ: صوبائی وزیر نور محمد دمڑ اور رکن اسمبلی صادق عمرانی بات چیت کر رہے ہیں



کوئٹہ: نصیر محمد کاکڑ، شہزادہ بلیدی اور ڈاکٹر عبدالمالک اجلاس سے قبل بات چیت کر رہے ہیں



کوئٹہ: اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں ارکان اظہار خیال کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ چیف انجینئرز اور سپرنٹنڈنگ انجینئرز کے ساتھ محکمے کے مسائل کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 21 JUN 2025 Page No.________



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں